سوال

(192) اندرون چشم اور حاجب کا دھونا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اندرون چشم اور حاجب کا دھونا فرض ہے یا نہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

اندرون چشم سے مراد اگر موقین (گوشہائے چشم) ہیں تو اس کے دھونے کی حدیث آتی ہے۔ ان کے علاوہ اندرون چشم کا دھونا کوئی حکم نہیں ہے۔ جتنا حصہ آنکھ کا ڈھل سکتا ہے اس کو دھولے قال اللہ تعالیٰ فاغسلوا وجوھکم الایة عرف میں وجہ ظاہری چہرہ کا نام ہے۔ چہرہ دھونے کے ساتھ آنکھیں بھی دھوئی جاتی ہیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اہلحدیث

وضو کا بیان، ج1ص277

محدث فتویٰ